| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: وُضو |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- وضو کی فضیلت و آداب سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلام میں تمام تر عبادات کا انحصار طہارت اور پاکیزگی پر ہے اور روح کے ساتھ ساتھ جسم کی طہارت بھی لازم و ملزوم ہے۔ طلبہ کو دہرائی کروائیں کہ پچھلے سبق میں ہم نے پڑھا کہ وُضو نماز کے لیے ضروری ہے۔ اسی طرح قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے پہلے بھی وُضو کیا جاتا ہے وُضو کرنے کا طریقہ ہمارے پیارے نبی خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں سکھایا ہے۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم وُضو کرنے کا طریقہ، اس کے فرائض اور آداب کے متعلق پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 21 کھولنے کی ہدایت دیں اور وُضو کے آداب پڑھائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو وُضو کے طریقے پر مبنی تصویری فلیش کارڈز دکھائیں ہر فلیش کارڈ کے متعلق بات کریں۔
- طلبہ کو وُضو کے فرائض اور سُنّتوں سے آگاہ کریں۔
- انھیں بتائیں وُضو کے فرائض چار ہیں ان کے بغیر وُضو نہیں ہوتا۔

۱۔ منھ دھونا ۲۔ دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا ۳۔ چوتھائی سر کا مسح کرنا

۴۔ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا

- پھر تختہ تحریر پر وُضو کی سُنّتیں لکھیں اور ترتیب وار طلبہ سے پڑھوائیں۔

۱۔ وضو کی نیّت کرنا ۲۔ بسم اللہ پڑھ کر وضو کرنا ۳۔ دونوں ہاتھ دھونا

۴۔ کُلّی کرنا ۵۔ مسواک کرنا، اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانتوں کو مَلنا

۶۔ ناک میں پانی چڑھانا ۷۔ ہاتھوں اور پیروں کو دھوتے وقت انگلیوں کا خلال کرنا

۸۔ ہر عضو کو تین تین بار دھونا

۹۔ ایک مرتبہ پورے سر کا مسح کرنا اور سر کے ساتھ کانوں کا مسح کرنا

۱۰۔ اعضا کو پے درپے دھونا ۱۱۔ وُضو کے بعد دُعا پڑھنا

- اس کے بعد طلبہ کو وضو کے آداب بھی بتائیں۔ جیسے:

⟸ وُضو صاف پانی سے اور صاف جگہ پر بیٹھ کر کریں۔

⟸ وُضو کے دوران اپنے جسم اور کپڑوں کو چھینٹوں سے بچائیں۔

⟸ وُضو کے دوران باتیں نہ کریں۔

⟸ وُضو کے اختتام پر وضو کی دعا پڑھیں۔

- طلبہ کو حدیث کی روشنی میں وُضو کے بعد کی دعا پڑھائیں۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جو شخص اچھی طرح مکمل وُضو کرے، پھر یہ دعا پڑھے تو اس کے لیے جنت کے آٹھ دروازے کھول دیے جائیں گے وہ جس میں سے چاہے داخل ہو جائے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بے شک محمد خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ (صحیح مسلم: 553)

- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ ہمیں ہر وقت باوُضو رہنے کی عادت اپنانی چاہیے اس سے نہ صرف ہمیں جسمانی بلکہ روحانی پاکیزگی بھی حاصل ہوگی۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اختتام | اِخ۔تے۔تام | انجام |
| مرتّب | مُ۔رَت۔تب | ترتیب دیا گیا |

| | | |
|---|---|---|
| خوشنودی | خوش۔نُودِی | رضامندی۔خوشی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(3)اور(4)کے سوالات طلبہ سے پوچھیں درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔طلبہ کو ہدایت دیں ان سوالوں کو کتاب پر حل کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

وُضُو کے بعد کی دعا یاد کریں اور کمرا جماعت میں ساتھیوں کو سنائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: وُضو |
|---|---|---|

سوال 1: وُضو کے فرائض لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

سوال 2: ذیل میں دیے گئے وُضو کے طریقے کی ترتیب کے مطابق دائروں میں نمبر لگائیں۔


















| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات وعبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: نماز |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- نماز کی اہمیت، فضیلت اور آداب جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے نماز کے متعلق سوالات پوچھیں:

(الف) مسلمان پر دن اور رات میں کتنی نمازیں فرض ہیں؟

(ب) نماز کیا ہے؟

طلبہ کو نماز کا مختصراً تعارف کروائیں انھیں بتائیں نماز دینِ اسلام کا دوسرا رکن ہے نماز اللہ تعالیٰ کی بندگی کا ایک خاص طریقہ ہے جو ہر بالغ مسلمان مرد اور عورت پر دن اور رات میں پانچ بار فرض ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 23 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ کو ''نماز کا تعارف'' کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔ انھیں بتائیں عربی میں نماز کو صلٰوۃ کہتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر صلٰوۃ اور اس کے لفظی معنٰی ''دعا اور رحمت'' نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر بالغ مسلمان مرد اور عورت پر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔ نماز کا حکم اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بار بار دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: اے پیغمبر میرے مومن بندوں سے کہہ دو کہ نماز پڑھا کریں۔(سورۃ ابراھیم،آیت: 31)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: ''اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (خدا کے آگے) جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو''۔(سورۃ البقرۃ،آیت: 43)

- طلبہ کو بتائیں نماز وہ تحفہ ہے جس کی فرضیت ساتویں آسمان پر شبِ معراج میں ہوئی، جب اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو اپنی ملاقات کا شرف بخشا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ نماز اللہ تعالیٰ کی مسنون عبادت ہے۔ نماز میں ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی سے جھکتے ہیں۔ نماز کا اسلام میں بہت اونچا درجہ ہے۔ نماز کو کسی بھی حالت میں چھوڑنے کا حکم نہیں۔
- طلبہ کو بتائیں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے مسلمانوں کو تعلیم دی ہے کہ اپنی اولاد کو سات سال کی عمر میں نماز کی تعلیم دو اور انھیں نماز کے لیے تیار کرو۔ دس سال کی عمر میں انھیں باقاعدہ نماز پڑھنے کی عادت ڈالو اور اگر بچہ دس سال کی عمر میں غفلت یا سستی کا مظاہرہ کرے تو اسے سزا دو۔
- طلبہ کو بتائیں نماز اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عبادت | عِ۔با۔دَت | بندگی۔ نماز و دعا |
| بندگی | بَن۔دگی | عبادت۔ فرماں برداری |
| بہترین | بہ۔تَ۔رِین | سب سے اچھا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔ درست جوابات دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے واقعۂ معراج اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:____________** | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: نماز** |

## نماز کا مختصراً تعارف لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: نماز | باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- نماز کی اہمیت، فضیلت اور آداب جان سکیں۔
- باجماعت نماز کی فضیلت بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں:

الف: عربی میں نماز کو کیا کہتے ہیں؟

ب: صلوٰۃ کے لفظی معنیٰ کیا ہیں؟

طلبہ کو بتائیں آج ہم نماز کی ادائی کی فرضیت اور اہمیت قرآن و حدیث کی روشنی میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 23 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- سبق کا متن ''نماز کی اہمیت و فضیلت'' پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر مسلمان مرد و عورت پر دن میں پانچ مرتبہ نماز فرض ہے۔
- انھیں بتائیں کہ نماز سابقہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کی تعلیمات میں شامل تھی اور ہر دور میں فرض رہی۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ جب معراج پر تشریف لے گئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو پانچ نمازوں کا تحفہ دیا۔
- نماز کی اہمیت کا اندازہ قرآن مجید کی اس آیت سے لگایا جا سکتا ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: اور ان لوگوں کو تو یہی حکم ہوا کہ اللہ کی عبادت کریں، اسی کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے ہر باطل سے جدا ہو کر، اور نماز قائم رکھیں اور زکوٰۃ ادا کریں اور یہ پختہ دین ہے۔ (سورۃ البیّنۃ، آیت: 5)

- طلبہ کو بتائیں نماز کی اہمیت بیان کرتے ہوئے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"نماز دین کا ستون ہے" (ترمذی: 2616)

اسی طرح ایک اور حدیث شریف میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے نماز کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: کہ جس نے نماز کی پابندی کی اس کے لیے قیامت کے دن نماز نور ہو گی، اس کے ایمان کی دلیل ہو گی اور اس کی نجات ہو گی اور جس نے نماز کی پابندی نہ کی۔ اس کے لیے نماز نہ نور ہو گی نہ اس کے ایمان کی دلیل اور نہ نجات ہو گی۔ اور یہ شخص قیامت کے دن قارون، فرعون اور ہامان کے ساتھ ہو گا۔

- طلبہ کو نماز کے فوائد سے آگاہ کریں کہ نماز ادا کرنے سے

⇐ مصیبت دور ہوتی ہے۔

⇐ دل کو سکون ملتا ہے۔

⇐ انسان کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

⇐ بیماریوں سے چھٹکارا ملتا ہے۔

⇐ اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے۔

⇐ نماز برے کاموں سے بچاتی ہے۔

- قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: بے شک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔

(سورۃ العنکبوت، آیت: 45)

- انھیں بتائیں کہ قیامت کے دن سب سے پہلا سوال نماز کا ہی ہو گا۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ نماز کی پابندی کریں اور اس میں غفلت سے بچیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ادائی | ادا۔ای | عمل میں لانا |

| | | |
|---|---|---|
| اہمیّت | اَ۔ہم۔مِی۔یَت | ضرورت |
| فرضیّت | فر۔ضِی۔یت | فرض ہونا |
| مقرّر | مُ۔قر۔رَر | مامور |
| نظم وضبط | نظم وضبط | حُسن انتظام |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو(1) کے سوال(۱)اور(۲) طلبہ سے پوچھیں۔درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ کو ہدایت دیں جواب کاپی پر لکھیں۔

جزو(2)کاسوال(۱)طلبہ سے کاپی پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اساتذہ کی مدد سے نماز کی فضیلت سے متعلق چارٹ پیپر تیار کریں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ(ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:____________** | **مضمون:اسلامیات** | **سبق: نماز** |

سوال نمبر 1: نماز ادا کرنے کے فوائد لکھیں۔

_______________________________________

_______________________________________

_______________________________________

_______________________________________

_______________________________________